# NYC کی سند ولادت پر صنفی مارکر
# کی تبدیلی کے لیے درخواست

یہ فارم نیو یارک سٹی (New York City, NYC) کی سند ولادت پر صرف صنفی مارکر یا صنفی مارکر اور نام دونوں تبدیل کرنے کے لیے استعمال کریں۔ پروسیسنگ کے موجودہ وقت، آرڈر کی صورتحال اور اضافی معلومات کے لیے nyc.gov/vitalrecords پر ملاحظہ کریں۔

(براہ کرم پرنٹ میں صاف صاف لکھیں اور زیادہ سے زیادہ معلومات انگریزی میں پُر کریں جتنا آپ کر سکتے ہیں۔
اس فارم کے ترجمے آن لائن صرف حوالہ کے لیے دستیاب ہیں — براہ کرم انگریزی فارم کو انگریزی میں پُر کریں۔)

## صنفی مارکر کی تبدیلی کے لیے کون درخواست دے سکتا ہے؟

- آپ لازماً سند ولادت پر نامزد فرد اور کم از کم اٹھارہ سال کی عمر کے ہوں، یا سند ولادت پر نامزد فرد کے والدین (والد/والدہ) یا قانونی سرپرست ہوں اگر اس فرد کی عمر اٹھارہ سال سے کم ہو۔ سند ولادت پر نامزد فرد لازماً NYC کے پانچوں بورو (Bronx، Brooklyn، Manhattan، Queens، Staten Island) میں ہی پیدا ہوئے ہوں۔
- یہ درخواست ان لوگوں کے لیے ہے جن کی شناخت اس جنس سے نہیں ہے جو ولادت کے وقت انہیں تفویض کی گئی تھی یا جو کسی مخصوص صنفی شناخت کی تصدیق کرنا نہیں چاہتے ہیں۔
- نوٹ کر لیں کہ اگر ولادت کے وقت سند ولادت پر مندرج جنس میں ہسپتال سے غلطی ہو گئی ہو تو، آپ کو یہ فارم مکمل نہیں کرنا چاہیے۔ اس کی جگہ، NYC کی سند ولادت کی تصحیح کے لیے درخواست on.nyc.gov/birthcertcorrect پر پُر کریں۔

## میں صنفی مارکر کی تبدیلی کیسے کروں؟

- اس فارم کے صفحہ دو پر جا کر اور صنفی مارکر کی جو تبدیلی آپ کرنا چاہتے ہیں اس کی قسم شناخت کر کے شروع کریں۔
- صنفی مارکر کی جو تبدیلی آپ کرنا چاہتے ہیں اس کی قسم کے لحاظ سے، جدول A یا B پر جائیں۔
- آپ کو اپنی درخواست کے ساتھ جو دستاویزات جمع کرانی ہوں گی ان کی اقسام سے متعلق جدول کی ہدایات کو بغور پڑھیں۔
- مطلوبہ دستاویزات جمع کریں اورانہیں اپنی درخواست کے ساتھ شامل کریں۔
- صفحہ پانچ تا آٹھ پر تمام معلومات مکمل کریں۔
- صفحہ سات پر دستخط مع تاریخ درج کرنے اور صفحہ آٹھ کی نوٹری سے تصدیق کرانے کو یقینی بنائیں۔
- آپ پر ایک حالیہ (میعاد غیر ختم شدہ) اور دستخط شدہ باتصویر شناخت (ID) جمع کرانا لازم ہے۔ اگر درخواست دہندہ کی عمر اٹھارہ سال سے کم ہو اور سند ولادت پر والد اور والدہ دونوں کا نام درج ہو تو، والد اور والدہ دونوں کو درخواست پر دستخط کرنا اور اپنی میعاد غیر ختم شدہ اور دستخط شدہ ID کی فوٹو کاپیاں جمع کرانا لازم ہے۔ ہم ڈاک سے بھیجی گئی درخواستوں کے ساتھ درخواست دہندہ اور والدین دونوں کی ID کی کاپیاں قبول کرتے ہیں۔ فوٹو کاپیاں لازماً واضح ہوں اور ID کے سامنے اور پیچھے کا حصہ شامل کریں۔ قابل قبول ID کی فہرست کے لیے، nyc.gov/health ملاحظہ کریں اور ولادت اور وفات کے ریکارڈز کی مطلوبہ دستاویزات تلاش کریں، پھر شناخت کے ثبوت کی ڈراپ ڈاؤن دیکھیں۔

## مطلوب دستاویزات

- آپ پر اصل دستاویزات بھیجنا لازم ہے۔ نوٹری سے تصدیق شدہ کاپیاں، فوٹو کاپیاں یا ردوبدل کردہ دستاویزات قبول نہیں کی جاتی ہیں۔
- اگر آپ سند ولادت پر درج نام تبدیل کر رہے ہیں تو، اصل مصدقہ قانونی نام کی تبدیلی کے عدالتی آرڈر میں درج ذیل باتیں شامل ہونا ضروری ہے: ولادت کے وقت پورا نام (اصل نام)، تاریخ پیدائش، جائے ولادت اور سرٹیفکیٹ نمبر۔ اگر عدالتی آرڈر میں وہ چاروں شناخت کاران نہ ہوں تو، عدالت میں اصل نام کی تبدیلی کی عرضی جمع کرائیں۔ اگر سند ولادت میں ترمیم اٹھارہ سال سے زائد عمر کے کسی شخص کے لیے ہے تو، مصدقہ قانونی نام کی تبدیلی کے عدالتی آرڈر میں سند ولادت پر درج والدین (والد/والدہ) کا پورا نام شامل ہونا ضروری ہے۔
- اگر آپ کو اپنے ترمیم شدہ سند ولادت کے ساتھ تمثیلی توضیح کا خط چاہیے تو، صفحہ چھ پر سیکشن تین میں ہاں کو منتخب کریں۔
- آپ کو اس درخواست کے صرف ایک صفحہ کی ہی نوٹری سے تصدیق کروانی ہے —صفحہ آٹھ دیکھیں۔
- اصل قانونی سرپرست کا عدالتی آرڈر فراہم کریں، اگر آپ قانونی سرپرست ہیں۔

## فیس: تبدیلی کروانے پر کتنی لاگت آتی ہے؟

NYC محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت (NYC محکمہ صحت) ناقابل واپسی **$40 درخواست کی پروسیسنگ فیس**، نیز $15 فی کاپی) پر ہر نئے سرٹیفکٹ کے لیے چارج کرے گا۔ زیادہ سے زیادہ تین کاپیوں کا آرڈر کیا جا سکتا ہے۔

**تمام مطلوبہ دستاویزات اور ادائیگی (چیک یا منی آرڈر) اس پتے پر ڈاک سے بھیجیں:**

NYC Department of Health and Mental Hygiene Corrections Unit • Attention: Group A
125 Worth Street • Room 144 • CN-4 • New York, NY 10013

یہ درخواست مکمل کرنے کے طریقے کے بارے میں سوالات کے لیے tgnyc@health.nyc.gov پر ای میل کریں۔

## آپ کس چیز کی درخواست کرنا چاہیں گے؟
## درج ذیل جدول کی بنیاد پر آپ کو جو کچھ جمع کرانا ہے اسے شناخت کریں۔

| | درخواست کردہ تبدیلی کی قسم | میں کیا چیز جمع کراؤں؟ |
|---|---|---|
| 1 | میری عمر اٹھارہ سال یا اس سے زیادہ ہے اور میں اپنی سند ولادت پر درج صنفی مارکر اور نام دونوں ہی تبدیل کرنا چاہتا ہوں۔ | جدول A دیکھیں۔ |
| 2 | میری عمر اٹھارہ سال یا اس سے زیادہ ہے اور میں اپنی سند ولادت پر **صرف** صنفی مارکر تبدیل کرنا چاہتا ہوں۔ | جدول A دیکھیں۔ |
| 3 | میں ایک نابالغبچے (اٹھارہ سال سے کم عمر) کا والدین (والد/والدہ) یا قانونی سرپرست ہوں اور ان کی سند ولادت پر درج صنفی مارکر اور نام دونوں ہی تبدیل کرنا چاہتا ہوں۔ | جدول B دیکھیں۔ |
| 4 | میں ایک نابالغ بچے (اٹھارہ سال سے کم عمر) کا والدین (والد/والدہ) یا قانونی سرپرست ہوں اور **صرف** ان کی سند ولادت پر درج صنفی مارکر تبدیل کرنا چاہتا ہوں۔ | جدول B دیکھیں۔ |

اگر آپ اپنی سند ولادت میں ایسی تصحیح یا ترمیم کی درخواست کر رہے ہیں جو اوپر مذکور **نہیں** ہے تو، آپ پر NYC کی سند ولادت کی تصحیح کے لیے درخواست پُر کرنا لازم ہے— یہ فارم on.nyc.gov/birthcertcorrect پر تلاش کریں۔ آپ پر دونوں درخواستیں ایک ساتھ ڈاک سے بھیجنا لازم ہے۔ $40 ناقابل واپسی درخواست فیس ایک بار لاگو ہوتی ہے اور یہ ایک یا دونوں فارمز پر جمع کرائی گئی ترامیم پر محیط ہوتی ہے۔

نوٹ کر لیں کہ اگر ولادت کے وقت سند ولادت پر مندرج جنس میں ہسپتال سے غلطی ہو گئی ہو تو، آپ کو یہ فارم مکمل نہیں کرنا چاہیے۔ اس کی جگہ، NYC کی سند ولادت کی تصحیح کے لیے درخواست on.nyc.gov/birthcertcorrect پر پُر کریں۔

| # | جو آئٹم آپ پر لاگو ہوتا ہے اس پر صحیح کا نشان لگائیں (✔)۔ (صرف آپ کے استعمال کے لیے۔) | میں ہوں | میری خواہش ہے کہ | مجھے کیا کرنے کی ضرورت ہے؟ |
|---|---|---|---|---|
| **جدول A۔ صنف مارکر تبدیل کرنے والا بالغ فرد اور/یا ان کی سند ولادت پر درج نام** | | | | |
| 1 | ☐ | سرٹیفکیٹ پر مندرج فرد اور عمر اٹھارہ سال یا اس سے زائد ہے | میری سند ولادت پر صنفی مارکر تبدیل کریں اور میرا نام قانونی طور پر تبدیل کریں | • اس درخواست کے سیکشن ایک، دو، تین، چار اور چھ پُر کریں — صفحہ پانچ تا آٹھ دیکھیں۔<br>• قابل اطلاق فیس جمع کرائیں — صفحہ آٹھ دیکھیں۔<br>• صفحہ سات پر دستخط کریں اور صفحہ آٹھ کی نوٹری سے تصدیق کرائیں۔<br>• درست دستخط شدہ باتصویر ID کی کاپی فراہم کریں۔<br>• مصدقہ قانونی نام کی تبدیلی کا عدالتی آرڈر حاصل کریں۔ اگر آپ NYC میں رہتے ہیں تو، آپ پر دیوانی عدالت میں جانا اور قانونی نام کی تبدیلی کی درخواست کرنا لازم ہے۔ اگر آپ NYC سے باہر رہتے ہیں تو، اپنے علاقے کی مناسب عدالت میں جائیں اور قانونی نام کی تبدیلی کی درخواست کریں۔ مصدقہ قانونی نام کی تبدیلی کے عدالتی آرڈر میں ولادت کے وقت پورا نام، تاریخ پیدائش، جائے ولادت اور سرٹیفکیٹ نمبر شامل کرنا ضروری ہے۔<br>• فراہم کردہ دستاویزات پر درج نام اور تاریخ پیدائش کی سند ولادت اور باتصویر ID پر درج ناموں سے مماثل ہونا ضروری ہے۔ اگر نام مختلف ہوں تو، آپ پر یہ دکھانے والی اضافی دستاویزی شہادت جمع کرانا لازم ہے کہ نام کس طرح تبدیل کیا گیا تھا۔ |
| 2 | ☐ | سرٹیفکیٹ پر مندرج فرد اور عمر اٹھارہ سال یا اس سے زائد ہے | **صرف** میری سند ولادت پر درج صنفی مارکر تبدیل کریں | • اس درخواست کے سیکشن ایک، دو، تین، چار اور چھ پُر کریں — صفحہ پانچ تا آٹھ دیکھیں۔<br>• قابل اطلاق فیس جمع کرائیں — صفحہ آٹھ دیکھیں۔<br>• صفحہ سات پر دستخط کریں اور صفحہ آٹھ کی نوٹری سے تصدیق کرائیں۔<br>• درست باتصویر ID کی کاپی فراہم کریں۔<br>• فراہم کردہ دستاویزات پر درج نام اور تاریخ پیدائش کی سند ولادت اور باتصویر ID پر درج ناموں سے مماثل ہونا ضروری ہے۔ اگر نام مختلف ہوں تو، آپ پر یہ دکھانے والی اضافی دستاویزی شہادت جمع کرانا لازم ہے کہ نام کس طرح تبدیل کیا گیا تھا۔ |

| # | جو آئٹم آپ پر لاگو ہوتا ہے اس پر صحیح کا نشان لگائیں (✔)۔ (صرف آپ کے استعمال کے لیے۔) | میں ہوں | میری خواہش ہے کہ | مجھے کیا کرنے کی ضرورت ہے؟ |
|---|---|---|---|---|
| **جدول B۔ اپنے بچے کی سند ولادت پر ان کا صنفی مارکر اور/یا نام کی تبدیلی کو تبدیل کرنے والے والدین (والد/والدہ) یا قانونی سرپرست** | | | | |
| 1 | ☐ | سند ولادت پر مندرج نابالغ بچے (اٹھارہ سال سے کم عمر) کے والدین (والد/والدہ) یا قانونی سرپرست | میرے بچے کی سند ولادت پر صنفی مارکر تبدیل کریں اور ان کا نام قانونی طور پر تبدیل کریں | • اس درخواست کے سیکشن ایک، دو، تین، پانچ اور چھ پُر کریں — صفحہ پانچ تا آٹھ دیکھیں۔<br>• قابل اطلاق فیس جمع کرائیں — صفحہ آٹھ دیکھیں۔<br>• صفحہ سات پر دستخط کریں اور صفحہ آٹھ کی نوٹری سے تصدیق کرائیں۔ اگر سند ولادت پر دونوں والدین (والد/والدہ) مندرج ہیں تو، ان دونوں پر دستخط کرنا لازم ہے۔*<br>• والدین (والد/والدہ) یا قانونی سرپرست کی درست دستخط شدہ باتصویر ID کی کاپیاں فراہم کریں۔<br>• اصل قانونی سرپرست کا عدالتی آرڈر فراہم کریں، <u>اگر آپ قانونی سرپرست ہیں</u>۔<br>• مصدقہ قانونی نام کی تبدیلی کا عدالتی آرڈر حاصل کریں۔ اگر آپ NYC میں رہتے ہیں تو، آپ پر دیوانی عدالت میں جانا اور قانونی نام کی تبدیلی کی درخواست کرنا لازم ہے۔ اگر آپ NYC سے باہر رہتے ہیں تو، اپنے علاقے کی مناسب عدالت میں جائیں اور قانونی نام کی تبدیلی کی درخواست کریں۔ مصدقہ قانونی نام کی تبدیلی کے عدالتی آرڈر میں ولادت کے وقت پورا نام، تاریخ پیدائش، جائے ولادت، سند ولادت پر والدین (والد/والدہ) کا نام اور سرٹیفکیٹ نمبر شامل کرنا ضروری ہے۔<br>• فراہم کردہ دستاویزات پر درج نام اور تاریخ پیدائش کی سند ولادت اور باتصویر ID پر درج ناموں سے مماثل ہونا ضروری ہے۔ اگر نام مختلف ہوں تو، آپ پر یہ دکھانے والی اضافی دستاویزی شہادت جمع کرانا لازم ہے کہ نام کس طرح تبدیل کیا گیا تھا۔ |
| 2 | ☐ | سند ولادت پر مندرج نابالغ بچے (اٹھارہ سال سے کم عمر) کے والدین (والد/والدہ) یا قانونی سرپرست | **صرف** میرے بچے کی سند ولادت پر درج صنفی مارکر تبدیل کریں | • اس درخواست کے سیکشن ایک، دو، تین، پانچ اور چھ پُر کریں — صفحہ پانچ تا آٹھ دیکھیں۔<br>• قابل اطلاق فیس جمع کرائیں — صفحہ آٹھ دیکھیں۔<br>• صفحہ سات پر دستخط کریں اور صفحہ آٹھ کی نوٹری سے تصدیق کرائیں۔ اگر سند ولادت پر دونوں والدین (والد/والدہ) مندرج ہیں تو، ان دونوں پر دستخط کرنا لازم ہے۔*<br>• والدین (والد/والدہ) یا قانونی سرپرست کی درست دستخط شدہ باتصویر ID کی کاپیاں فراہم کریں۔<br>• اصل قانونی سرپرست کا عدالتی آرڈر فراہم کریں، <u>اگر آپ قانونی سرپرست ہیں</u>۔<br>• فراہم کردہ دستاویزات پر درج نام اور تاریخ پیدائش کی سند ولادت اور باتصویر ID پر درج ناموں سے مماثل ہونا ضروری ہے۔ اگر نام مختلف ہوں تو، آپ پر یہ دکھانے والی اضافی دستاویزی شہادت جمع کرانا لازم ہے کہ نام کس طرح تبدیل کیا گیا تھا۔ |

***اگر دوسرے والدین کی وفات ہو گئی ہو یا والدین میں سے ایک دستخط نہیں کر سکتے ہوں تو کیا کریں:**

- اگر دوسرے والدین باحیات ہیں تو، والدین میں سے ایک کو رجسٹر کروانے والے کے لیے دستخط کرنے کی اجازت دینے کے لیے اصل عدالتی آرڈر درکار ہوتا ہے۔
- اگر دوسرے والدین کی وفات NYC سے باہر ہوئی تو، ان کے سند وفات کی اصل کاپی فراہم کریں۔
- اگر دوسرے والدین کی وفات NYC (Manhattan ،Queens ،Brooklyn ،Bronx ،Staten Island) میں ہوئی تو، NYC کے ان کے سند وفات کی کاپی فراہم کریں۔

## سیکشن ایک: آپ کا نام کیا ہے؟

**نوٹ کر لیں کہ آپ کی عمر کم از کم اٹھارہ سال ہونا ضروری ہے۔ صاف صاف پرنٹ میں لکھیں اور صرف کالی روشنائی کا استعمال کریں۔ وہ نام استعمال کریں جو فی الحال آپ کی ID پر نمودار ہوتا ہے۔**

| پہلا نام | درمیانی نام | آخری نام |
|---|---|---|
| ڈاک کا پتہ | | اپارٹمنٹ نمبر |
| شہر | ریاست | زپ کوڈ |
| بنیادی فون نمبر | متبادل فون نمبر | ای میل پتہ |

درخواست دہندہ سے رشتہ: ☐ خود ☐ ماں/والدین ☐ باپ/والدین ☐ قانونی سرپرست

ازدواجی شراکتی حیثیت: ☐ تنہا/کبھی شادی نہیں ہوئی ☐ شادی شدہ ☐ خلع یافتہ ☐ مطلقہ ☐ بیوہ ☐ رجسٹرڈ خانگی شراکت

## سیکشن دو: سند ولادت کی معلومات

**اس سیکشن کے لیے، سند ولادت پر مندرج وہ چیز درج کریں جس کی آپ تصحیح کروانا چاہتے ہیں۔**

سند ولادت نمبر (اگر نامعلوم ہو تو خالی چھوڑ دیں): 1 5 6 — ☐☐ — ☐☐☐☐☐☐

سند ولادت پر درج نام جس طرح یہ **فی الحال** نمودار ہوتا ہے:

| پہلا نام | درمیانی نام | آخری نام |
|---|---|---|
| | | |

سند ولادت پر مندرج تاریخ پیدائش (ماہ /دن /سال): ☐☐ / ☐☐ / ☐☐☐☐

سند ولادت پر درج جنس جس طرح یہ فی الحال نمودار ہوتا ہے: ☐ مرد ☐ خاتون ☐ X*

*X وہ صنف ہے جو جامع طور پر مرد یا خاتون نہیں ہے (نان بائنری صنفی شناخت)۔

سند ولادت پر درج ماں کا اصل نام جس طرح یہ فی الحال نمودار ہوتا ہے:

| پہلا نام | آخری نام |
|---|---|
| | |

سند ولادت پر درج جائے ولادت جس طرح یہ فی الحال نمودار ہوتا ہے (اگر نامعلوم ہو تو خالی چھوڑ دیں):

| ہسپتال، مرکز ولادت کا نام یا، اگر گھر پر ہوئی ہو تو، اسٹریٹ کا پتہ، شہر، ریاست، زپ کوڈ |
|---|
| |

## سیکشن تین: آپ کیا چیز تبدیل کرنا چاہتے ہیں؟

ایک سطر فی تصحیح استعمال کریں۔ ہم ایسے متن والے فارم قبول نہیں کر سکتے جس کو قلمزد کیا گیا ہو یا اس پر وائٹ آؤٹ کیا گیا ہو۔ اگر آپ سے غلطی ہو جاتی ہے تو، نیا درخواست فارم استعمال کریں۔

کیا آپ کو تمثیلی توضیح کا خط درکار ہے؟ (کوئی اضافی فیس نہیں ہے۔) ☐ ہاں ☐ نہیں

| آپ کیا چیز تبدیل کرنا چاہتے ہیں؟ | سند ولادت پر فی الحال کیا چیز مندرج ہے؟ | ولادت کے ریکارڈ پر کیا چیز مندرج ہونی چاہیے؟ |
|---|---|---|
| مثال: صنفی مارکر | مثال: مرد | مثال: خاتون |
| مثال: پہلا نام | مثال: Michael | مثال: Jane |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

## سیکشن چار: اپنی درخواست پر دستخط کریں

اگر آپ یہ درخواست خود کے لیے مکمل کر رہے ہیں اور آپ کی عمر اٹھارہ سال یا زائد ہے تو نیچے اپنا پورا نام پرنٹ میں لکھیں۔ اگر آپ نے قانونی طور پر اپنا نام تبدیل نہیں کیا تو، نام اسی طرح استعمال کریں جس طرح یہ آپ کی سند ولادت پر نمودار ہوتا ہے (پہلا، درمیانی اور آخری نام)۔ اگر آپ نے قانونی طور پر اپنا نام تبدیل کیا تو، عدالتی آرڈر پر موجود نام پرنٹ میں لکھیں۔

میں، ____________________ ، اس طرح جھوٹی گواہی کے جرمانے کے تحت تصدیق کرتا ہے جس کی درخواست کی گئی ہے

پہلا، درمیانی اور آخری نام

میری سند ولادت پر صنفی مارکر کی ____________________ سے ____________________

مرد، خاتون یا X*　　　مرد، خاتون یا X*

میری حقیقی صنفی شناخت کی عکاسی کرنا ہے اور یہ کسی دھوکہ دہی کے مقصد کے لیے نہیں ہے۔

*X وہ صنف ہے جو جامع طور پر مرد یا خاتون نہیں ہے (نان بائنری صنفی شناخت)۔

**آپ پر نیچے دستخط کرنا لازم ہے (اگر آپ کی عمر اٹھارہ سال یا زائد ہے اور خود اپنی سند ولادت میں تصحیح کی درخواست کر رہے ہیں):**

| یہ درخواست مکمل کرنے والے فرد کے دستخط | تاریخ |
|---|---|
| | |

**اگر آپ نے سیکشن چار پُر کیا تو، سیکشن پانچ کو چھوڑیں اور سیکشن چھ پر جائیں۔**

## سیکشن پانچ: والدین (والد/والدہ) یا قانونی سرپرست اٹھارہ سال سے کم عمر کے بچے کے لیے درخواست پر دستخط کریں

بچے کی سند ولادت پر مندرج والدین (والد/والدہ) کا پورا نام (پہلا، درمیانی اور آخری) پرنٹ میں لکھیں۔ اگر یہ فارم بچے کے قانونی سرپرست (سرپرستوں) کے ذریعے مکمل کیا جا رہا ہے تو، قانونی سرپرست کے عدالتی آرڈر پر مندرج پورا نام پرنٹ میں لکھیں۔ اگر آپ بچے کا نام بھی تبدیل کر رہے ہیں تو، والدین (والد/والدہ) یا قانونی سرپرست (سرپرستوں) کا پورا نام پرنٹ میں ویسے ہی لکھیں جس طرح قانونی نام کی تبدیلی کے عدالتی آرڈر پر مندرج ہے۔ اگر سند ولادت پر دونوں والدین (والد/والدہ) مندرج ہیں تو، اس درخواست پر دونوں والدین (والد/والدہ) پر دستخط کرنا لازم ہے۔*

میں، ____________________ اور ____________________ ، اس طرح کے جرمانے کے تحت

ماں/والدین یا قانونی سرپرست کا پہلا، درمیانی اور آخری نام　　　باپ/والدین یا قانونی سرپرست کا پہلا، درمیانی اور آخری نام

تصدیق کرتا ہوں کہ میرے بچے کی سند ولادت پر صنفی مارکر کی ____________________

مرد، خاتون یا X*

سے ____________________ میری حقیقی صنفی شناخت کی عکاسی کرنا ہے اور یہ کسی دھوکہ دہی کے مقصد کے لیے نہیں ہے۔

مرد، خاتون یا X*

*X وہ صنف ہے جو جامع طور پر مرد یا خاتون نہیں ہے (نان بائنری صنفی شناخت)۔

**مندرجہ بالا والدین یا قانونی سرپرست(سرپرستوں)کو دستخط کرنا ضروری ہے:**

| دستخط | تاریخ |
|---|---|
| ماں/والدین یا قانونی سرپرست کے دستخط | تاریخ |
| باپ/والدین یا قانونی سرپرست کے دستخط | تاریخ |

**سیکشن چھ پر جائیں۔**

## سیکشن چھ: نوٹری سے اپنی درخواست کی تصدیق کرائیں

**یہ درخواست اس صفحہ پر نوٹری سے تصدیق شدہ ہونا ضروری ہے۔**

| **نوٹری مکمل کریں۔** | **نوٹری پبلک کی مہر** |
| --- | --- |
| اسٹیٹ آف ______________________________ | |
| کاؤنٹی آف______________________________ | |
| میرے سامنے سبسکرائب کیا اور حلف لیا: | |
| آج __________ بروز __________ 20 __________ | |
| ______________________________<br>نوٹری پبلک کے دستخط | |

**انتباہ! نیو یارک سٹی ہیلتھ کوڈ کے مطابق جو درخواست تیار کرنا مطلوب ہے اس پر کوئی بھی شخص جھوٹا، غلط، یا گمراہ کن بیان نہیں دے گا یا کسی دوسرے کا جعلی دستخط نہیں کرے گا۔ ہیلتھ کوڈ کی خلاف ورزی ایک بڑے گناہ کے طور پر قابل سزا ہوگی (NYC ضابطہ صحت 3.19)۔ جعلی شناخت جمع کروانا ایک جرم ہے اور خلاف ورزی کرنے والے مواخذہ کے مستوجب ہیں۔**

---

### فیس اور اپنی درخواست جمع کرانے کا طریقہ

یہ تبدیلی کرنے کے لیے ایک ناقابل واپسی $40 درخواست پروسیسنگ فیس،
نیز ہر ترمیم شدہ سرٹیفکیٹ کے لیے $15 فی کاپی فیس ہے۔

مثلاً، سند ولادت میں ترمیم کرنے اور دو ترمیم شدہ کاپیوں کی درخواست کرنے کی لاگت $70 ہے:
پروسیسنگ فیس= $40 + $30 دو سرٹیفکیٹ کے لیے = $70 کل۔

### اپنی درخواست کی لاگت پتہ کریں

| | |
| --- | --- |
| **ناقابل واپسی پروسیسنگ فیس:** | **$40** |
| درخواست کردہ ترمیم شدہ سند ولادت کی تعداد (زیادہ سے زیادہ تین) | ______________ |
| ضرب **$15 ہر تصحیح شدہ سند برابر ہے:** | $______________ |
| منسلک کل رقم: | $______________ |

براہ کرم اپنا چیک یا منی آرڈر اس نام سے واجب الادا بنائیں: **NYC Department of Health and Mental Hygiene.** نقدی قبول نہیں کی جاتی ہے۔ بذات خود کسٹمر سروس اپائنٹمنٹ کے ذریعے دستیاب ہے۔ بذات خود کسٹمرز کریڈٹ یا ڈیبٹ کارڈ، چیک یا منی آرڈر کا استعمال کر کے ادائیگی کر سکتے ہیں۔ بذات خود اپائنٹمنٹ طے کرنے کے لیے، bit.ly/book-certificate-appointment پر ملاحظہ کریں۔

ڈاک سے: NYC Department of Health and Mental Hygiene Corrections Unit
Attention: Group A
125 Worth Street, Room 144, CN-4
New York, NY 10013

اس درخواست میں اعانت کے لیے، **311** پر کال کریں یا tgnyc@health.nyc.gov پر ای میل کریں۔